© rasailojaraid.com



ناشر۔ مکتبہ القرآۃ ۔ ماڈل ٹاون لاہور

مولانا قاری محمد شریف صاحب، جن کا فیض اللہ رب العزت نے ہر جگہ پھیلایا۔ فن قرأت میں ایسی شخصیتیں نادرالوجود اور کمیاب ہیں کہ فن تجوید و قرأت میں خود باکمال ہونے کے ساتھ ساتھ تدریس و تعلیم میں ایک معیاری طریقہ اختیار کرکے باکمال تلامذہ پیدا کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ ملکہ حضرت قاری صاحب مرحوم کو ودیعت فرمایا تھا۔ ساری زندگی قرآن و تجوید، تدریس و خدمت میں گذری۔

پیش نظر کتاب مرحوم کی سعی بلیغ اور عظیم کاوش کا نتیجہ ہے۔ جس میں تجوید کے جملہ مسائل نہایت سلیس، عام فہم، صاف اور عمدہ اور آسان طریقہ سے بیان کئے گئے ہیں۔ "معلم التجوید" طلبا رفن کے لئے ایک بیش بہا تحفہ ہے۔ جسے اب بہت سے دینی مدارس میں باقاعدہ طور درساً پڑھایا جا رہا ہے۔

انصاف | مرتبہ۔ مولانا محمد صابر۔ مولانا عبدالسلام۔ مولانا محمد امتیاز۔ صفحات ۱۲۶۔

پتہ۔ جمعیت اہلسنت والجماعت۔ واہ کینٹ ضلع راولپنڈی۔

واہ کینٹ میں انوار رضا نامی تنظیم کی طرف سے "لاتفرقوا" نامی ایک کتاب شائع ہوئی جس میں علماء دیوبند اور ان کی دینی خدمات اور عظیم تاریخی کردار کو مسخ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ "انصاف" اس کا ٹھوس مبنی بر حقیقت اور مدلل جواب ہے۔ اور اپنے موضوع کے لحاظ سے مختصر مگر جامع اور مفید کتاب ہے۔

کتاب مشکل الحدیث (عربی) | للامام ابوبکر محمد بن الحسن بن فورک (م ۴۰۶ھ)

صفحات ۲۱۴۔ اشاعت دارالکتب العلمیہ۔ اکوڑہ خٹک

کتاب مشکل الحدیث ادارہ کی دوسری نادر اور عظیم علمی پیش کش ہے جس پر یہ علمی دنیا کی طرف سے شکریہ کا مستحق ہے۔ مشکل الحدیث "المصنفات فی الحدیث" کی ایک نوع ہے۔ جس میں مشکل المراد احادیث کا صحیح محل اور متعارض احادیث کی تطبیق بیان کی جاتی ہے۔

علماء اور محدثین میں امام طحاوی کی "مشکل الآثار" کے بعد علامہ ابن الفورک کی کتاب "مشکل الحدیث" متداول اور معروف ہے جو کافی عرصہ سے نایاب تھی۔ دارالکتب العلمیہ نے اعلیٰ کاغذ اور عمدہ طباعت کے ساتھ علمی حلقوں کے لئے ایک نادر تحفہ پیش کیا ہے۔

خط و کتابت کرتے وقت خریداری
نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے!



© rasailojaraid.com